Norwegian Institute of Public Health

اگر آپ کا IGRA ٹیسٹ مثبت ہے

IGRA خون کی جانچ کا استعمال کرتے ہوئے ناروے میں کچھ گروپس کا تپِ دق کے لیئے معمول کے مطابق ٹیسٹ کیا جاتا ہے۔

IGRA ٹیسٹ کے مثبت ہونے کا کیا مطلب ہے؟

ایک مثبت IGRA ٹیسٹ کا مطلب ہے کہ آپ تپِ دق سے متاثر رہے ہیں۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ بیمار ہیں۔ ایسا خیال کیا جاتا ہے کہ دنیا کی آبادی کا تقریبا 1/3 حصہ تپِ دق میں مبتلا ہوئے بغیر بھی IGRA مثبت ہے، اس کا مطلب ہے کہ انہیں تپِ دق کہا جانے والا اندرونی انفیکشن ہے۔

کیا تپِ دق کا اندرونی انفیکشن خطرناک ہے؟

تپِ دق کے اندرونی انفیکشن سے متاثرہ شخص میں اسکا یا اسکی زندگی بھر کی مدت میں تپِ دق پیدا ہونے کا بڑھتا ہوا خطرہ ہے۔ تقریبا 20 میں سے 1 اس کا تجربہ کریگا۔ متاثر رہنے کے فورا بعد، یا اگر بیماری کی وجہ سے آپکی قوت مدافعت زیادہ توانا نہ ہو (مثال کے طور پر HIV انفیکشن) یا (مثال کے طور پر کینسر کے لیئے) علاج میں آپکے بیمار ہونے کے مواقع سب سے زیادہ ہوتے ہیں۔ تپِ دق کے لیئے علاج دستیاب ہیں اور ایک خاص اکثریت مکمل طور پر ٹھیک ہوئی ہے۔

کیا میں کسی دوسرے کو متاثر کرسکتا/کرسکتی ہوں؟

تپِ دق کے اندرونی انفیکشن والے لوگ بیمار نہیں ہیں اور کسی دوسرے کو متاثر نہیں کرسکتے۔

کیا مجھے علاج کی ضرورت ہے؟

کچھ کیسز میں تپِ دق کے پیدا ہونے سے بچنے کے لیئے ممکن ہے کہ احتیاطی علاج کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ یہ آپ کے ڈاکٹر کے اندازہ کے لیئے ہے۔ ایسا علاج کچھ انسانوں کے لیئے خاص طور پر با مقصد ہے، جن میں کمزور قوت مدافعت والے حالیہ متاثرہ بچے اور لوگ شامل ہیں۔

کیا ایسی کوئی چیز ہے جس کے لیئے مجھے خاص طور پر آگاہ رہنے کی ضرورت ہو؟

مثبت IGRA کی تشخیص کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کو کسی بھی طرح سے اپنا طرز زندگی بدلنے کی ضرورت ہے، لیکن اگر آپ بیمار ہوتے ہیں تو آپ کو اپنے ڈاکٹر کواطلاع دینی چاہیئے کہ آپ IGRA مثبت ہیں/ تپِ دق کا اندرونی انفیکشن ہے اس بات کی یقین دہانی کرنے کے لیئے کہ آپکو درست علاج ملا ہے۔ یہ خاص طور پر اس وقت لاگو ہوتا ہے اگر آپکو تپِ دق کے اثرات ملیں، جو کہ یہ ہیں:

- طویل کھانسی (3 ہفتوں سے زائد)
- طویل بخار
- رات کو پسینہ آنا
- وزن میں کمی

مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہے؟

http://www.fhi.no/tema/tuberkulose/informasjon-til-pasienter